رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
A.B.C Certified
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | ہفتہ 15 ربیع الاول 1448ھ | 29 اگست 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 46

وفاقی وزیر داخلہ کا ایف سی ٹریننگ سینٹر شب قدر کا دورہ، اینٹی رائٹ ونگ کی تربیتی مشقوں کا معائنہ

ملک کے امن اور استحکام کو کسی صورت سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، محسن نقوی

ریاست امن و امان برقرار رکھنے کی ذمے داری پوری کریگی، امن و امان خراب کرنے والوں سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا، ایف سی ہیڈکوارٹر میں عالمی معیار کا سوئمنگ پول بنانے کا اعلان

ایف سی کی تربیت میں پہلی بار 35 خواتین اہلکار شامل، اہلکاروں کی تربیت پر خصوصی توجہ دی گئی، ٹریننگ محنت، لگن اور مکمل پیشہ وارانہ جذبے کے ساتھ مکمل کی جائے، دورے کے موقع پر گفتگو

چارسدہ (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ملک کے امن و امان اور استحکام کو کسی صورت سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، پرامن احتجاج ہر شہری کا حق ہے تاہم احتجاج کی آڑ میں تشدد، توڑ پھوڑ، سرکاری یا نجی املاک کو نقصان پہنچانے اور امن و (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ کا 27 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواست وصول کرنے سے انکار

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ رجسٹرار (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی نیپال کے وزیراعظم بالیندر شاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو

پاکستان امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے نیپال کو ہنگامی امدادی سامان بھیج رہا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کی دوپہر نیپال کے وزیراعظم بالیندر شاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ وزیراعظم نے نیپال میں حالیہ سیلاب اور لینڈ (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے سعودی عرب کے وزیر برائے ماحولیات، پانی و زراعت انجینئر کے اعزاز میں استقبالیہ دیا گیا ہے

فیلڈ مارشل سے سعودی وزیر ماحولیات کی ملاقات، باہمی امور پر تبادلہ خیال

دونوں رہنماؤں نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے مثبت کردار کو سراہا

ملاقات میں بالخصوص زراعت اور ماحولیاتی پائیداری کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل و چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر سے جی ایچ کیو میں سعودی عرب کے وزیر ماحولیات، پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمان عبدالمحسن الفضلی نے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

بھارت کی جانب سے بین الاقوامی ذمہ داریوں کی مسلسل خلاف ورزی قابل تشویش ہے، نائب وزیراعظم

لندن (این این آئی) پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے برطانوی وزیر خارجہ سے لندن (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

مکہ معاہدے نے پورے خطے میں اتحاد اور امن کا پیغام دیا ہے، وزیراعظم

مکہ دفاعی معاہدے سے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان مزید قریب آئے ہیں، شہباز شریف

دونوں ممالک کو اقتصادی اور زرعی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر توجہ دینی چاہیے، سعودی وزیر سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے نے پورے خطے میں اتحاد اور امن کا پیغام دیا ہے، مکہ دفاعی معاہدے سے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان مزید قریب آئے ہیں، پاکستان اور سعودی عرب اسٹریٹجک شراکت دار ہیں، دونوں ممالک کو اقتصادی اور زرعی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر توجہ دینی چاہیے۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پولیس ڈیجیٹل انیشیٹوز کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں بلوچستان پولیس میں اصلاحات، مختلف شعبہ جات کی ڈیجیٹلائزیشن اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے متعلق اجلاس منعقد ہوا

مستونگ میں انگور کے باغات سے سکیورٹی فورسز پر حملہ ہوتا ہے تو جائیداد کے مالکان جرم سے بری الذمہ نہیں

پولیسنگ کے طریقہ کار کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا

وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں تحصیلداروں کی بھرتی سے متعلق شکایات پر کمیٹی قائم کردی گئی ہے جس کی رپورٹ میڈیا کے سامنے لائی جائے گی، حکومت ڈیجیٹلائزیشن کی طرف لے جانے کیلئے پرعزم ہے، سرفراز بگٹی

دہشتگردی کیلئے جائیدادوں کا استعمال جاری رہا تو حکومت کے پاس دو آپشنز ہوں گے، بڑے پیمانے پر لوگوں کو وہاں سے منتقل کرکے دوسری جگہ آباد کرنا اور دہشتگردی کیلئے استعمال ہونے والے باغات کو ختم کرنا ہوگا، خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعہ کو یہاں سنٹرل پولیس آفس میں بلوچستان پولیس میں اصلاحات، مختلف شعبہ جات کی ڈیجیٹلائزیشن اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان اور ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز حسن اسد علوی نے بلوچستان پولیس کی جانب سے فعال کی گئی 16 مختلف ڈیجیٹل ایپس اور دیگر ڈیجیٹل اقدامات سے متعلق وزیراعلیٰ بلوچستان کو تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں پولیس کے مختلف شعبہ جات کو ڈیجیٹل نظام سے منسلک کرنے، پولیسنگ کے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ مستونگ میں انگور کے باغات سے صوبائی وزیر داخلہ یا سکیورٹی فورسز پر حملہ ہوتا ہے تو جائیداد کے مالکان جرم سے بری الذمہ نہیں بلکہ سہولت کار تصور ہوں گے، بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں تحصیلداروں کی بھرتی سے متعلق شکایات پر کمیٹی قائم کردی گئی ہے جس کی رپورٹ میڈیا کے سامنے لائی جائے گی، حکومت بلوچستان گورننس کو زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹلائزیشن کی طرف لے جانے کے لیے پرعزم ہے کیونکہ ڈیجیٹلائزیشن سے عوامی خدمت، شفافیت اور سروس ڈیلیوری میں نمایاں بہتری آتی ہے بلوچستان پولیس (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

پشاور میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ برآمد

پشاور (این این آئی) پشاور کے نواحی علاقے میرا کچوڑی قبرستان میں سی ٹی ڈی کی کارروائی کے دوران 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق پشاور کے (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

وزیر صحت ہوں، خود کو پمز واقعے کا ذمے دار سمجھتا ہوں، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر صحت مصطفیٰ کمال سید نے کہا ہے کہ وزیر صحت ہوں، خود کو پمز واقعے کا ذمے دار سمجھتا ہوں، اپوزیشن اپنی کمیٹی بنائے اور واقعے کی تحقیقات (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

مکہ معاہدے کو مثبت نظر سے دیکھتے ہیں، بنگلا دیشی وزیر خارجہ

مکہ معاہدے سے متعلق کسی تشویش کی کوئی گنجائش نہیں، وزیر خارجہ خلیل الرحمان

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیشی وزیر خارجہ خلیل الرحمان نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے میں شمولیت کی دعوت ملی تو مثبت انداز میں غور کریں گے۔ پارلیمنٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے بنگلا دیشی وزیر خارجہ خلیل الرحمان نے کہا کہ بنگلا دیش مکہ معاہدے کو مثبت نظر سے دیکھتا ہے، مکہ معاہدے میں شمولیت کی دعوت ملی تو غور کریں گے۔ خلیل الرحمان نے کہا کہ مکہ معاہدے میں توسیع (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

ٹیکس چوری اور غیر قانونی کاروبار کے خلاف کارروائی مؤثر اور تیز کی جائے، شہباز شریف

اجلاس میں پی آر اے ایل کی تنظیم نو، ٹیکس نظام کی ڈیجیٹلائزیشن، کسٹمز میں فیس لیس اسیسمنٹ اور ٹیکس اصلاحات کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے کا فیصلہ

ڈیجیٹل انوائسنگ کی ٹرانزیکشنز 2.5 ٹریلین روپے سے تجاوز کرگئیں، دسمبر تک ڈیجیٹل انوائسنگ کی ٹرانزیکشنز 4 ٹریلین روپے تک پہنچانے کا ہدف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایف بی آر اصلاحات پر عملدرآمد مقررہ مدت میں مکمل کرنے، اصلاحاتی عمل کا تھرڈ پارٹی آڈٹ یقینی بنانے اور ٹیکس چوری، اسمگلنگ و غیر قانونی کاروبار کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ ملکی ترقی اور مضبوط معیشت کے لیے ٹیکس نظام میں بنیادی اصلاحات نافذ کی جارہی ہیں، جبکہ ڈیجیٹلائزیشن، پیداوار کی نگرانی اور (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل سے ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ کی ملاقات

سول میڈیا پروپیگنڈے کیخلاف نوجوانوں کا مثبت کردار ضروری ہے، سید عاصم منیر

نوجوانوں میں تعلیم، مہارتوں کے حصول، انٹرپرینیورشپ اور حقائق پر مبنی تجزیاتی سوچ کو اپنانے کی ضرورت ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

ملاقات میں علاقائی اور عالمی پیشرفت، پاکستان کی سکیورٹی صورتحال، امن اور استحکام اور خوشحالی کے فروغ کیلئے کی جانے والی کوششوں پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (آن لائن) آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہارورڈ بزنس اسکول کے طلباء کے وفد نے ملاقات کی، پاکستان کے دورے پر آئے وفد میں مختلف ممالک کی نمائندگی شامل ہے، ملاقات میں علاقائی اور عالمی پیش رفت، پاکستان کی سکیورٹی صورتحال، اور خطے اور اس سے باہر امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لئے کی جانے والی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے نوجوانوں میں تعلیم، مہارتوں کے حصول، انٹرپرینیورشپ اور حقائق پر مبنی تجزیاتی سوچ کو اپنانے کی اہمیت پر (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پولیس ڈیجیٹل انیشیٹوز سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان میں ڈیجیٹل بینکاری کے فروغ کی راہ ہموار، ہیوگو بینک کو ریگولیٹری منظوری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں ڈیجیٹل بینکاری اور ٹیکنالوجی پر مبنی سرمایہ کاری کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں ہیوگو بینک نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے کنٹرولڈ پائلٹ آپریشنز شروع کرنے کی منظوری حاصل کرلی ہے۔ حکام کے مطابق یہ پیش رفت پاکستان کے سرمایہ کاری دوست ماحول اور جدید مالیاتی ٹیکنالوجی کے شعبے میں (بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر)

سانحہ پمز کی تحقیقات کرائی جائیں، پی ٹی آئی

پمز کے واقعے نے موجودہ نظام پر سوالات اٹھا دیے ہیں، علی محمد خان

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی نے سانحہ پمز پر غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کردیا۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران علی محمد خان نے کہا کہ پمز کے واقعے نے موجودہ نظام پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال سربراہ اس کے ذمے دار ہیں جو اس پر نظر نہ رکھ سکے۔ علی (بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر)

پمز واقعے پر سیاست کرنے کے بجائے ٹھوس تجاویز دی جائیں، اعظم نذیر تارڑ

کمیٹی کے سربراہ شاہد خان 7 روز میں واقعے کی مفصل رپورٹ پیش کریں گے، وزیر قانون کا اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پمز واقعہ پر پوری قوم رنجیدہ ہے، پمز واقعے پر سیاست کرنے کے بجائے ٹھوس تجاویز دی جائیں۔ جمعہ کو قومی اسمبلی میں پمز واقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس واقعے پر پوری قوم رنجیدہ ہے، (بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی سینیٹر علی ظفر کا پمز واقعے کے ذمے داروں کو سزا دینے کا مطالبہ

پمز واقعے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور تعین کیا جائے کہ اس واقعے کا ذمے دار کون تھا، سینٹ میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر علی ظفر نے پمز واقعہ کی مکمل تحقیقات اور ذمے داروں کو سزا دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہ اہے کہ پمز واقعے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور تعین کیا جائے کہ اس واقعے کا ذمے دار کون تھا، جس کی غلطی تھی اسے سزا دی (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قرار دادوں پر عمل تک ختم نہیں ہوگا، نومنتخب وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر

کشمیریوں کے لیے مضبوط پاکستان ہی ہماری آزادی کی ضمانت ہے، افتخار گیلانی کا فیلڈ مارشل اور افواج پاکستان کو خراج تحسین

حکومتی نظام کی خامیوں کی نشاندہی کرنا ہوگی۔ ایوان سے وعدہ کرتا ہوں کہ نہ خود آرام سے بیٹھوں گا اور نہ اپنی ٹیم کو بیٹھنے دوں گا، اجلاس سے خطاب

مظفر آباد (این این آئی) نومنتخب وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر محض زمین کے ٹکڑے کا مسئلہ نہیں، جب تک بھارت اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد نہیں کرتا، مسئلہ کشمیر ختم نہیں ہوگا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نومنتخب افتخار گیلانی نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی دہشت گردی اور 5 اگست 2019 کے بھارتی جبری اقدامات کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ (بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر)

کراچی، سی ٹی ڈی اور حساس ادارے کی کارروائی، کالعدم سپاہ محمد کا مطلوب دہشتگرد گرفتار

گرفتار دہشت گرد اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پہلے اہداف کی ریکی کرتا اور بعد ازاں نشانہ بناتا تھا، رپورٹ

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی میں سی ٹی ڈی نے حساس ادارے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے کالعدم دہشت گرد تنظیم سپاہ محمد سے تعلق رکھنے والے ایک دہشت گرد کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق گرفتار دہشت گرد کا نام سی ٹی ڈی کی ریڈ بک (بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر)

اشرافیہ کے پرائیویٹ علاج پر پابندی سے سرکاری ہسپتال بہتر ہوں گے: سینیٹر پرویز رشید

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر پرویز رشید نے کہا ہے کہ اشرافیہ کے پرائیویٹ علاج پر پابندی لگائی جائے، اس پابندی سے ہی سرکاری (بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کمیٹی کی ابتدائی رپورٹ تیار، پمز ہسپتال کے افسران و سٹاف کی غفلت ثابت

آگ ایئر کنڈیشنر سے لگی، پتا چلا کہ اے سی تو چل ہی نہیں رہا تھا، یوں لگتا ہے کہ تمام نرسوں کو بٹھا کر ایک بیان رٹا دیا گیا ہے

ریسکیو ٹیم کو رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا، تالے لگے ہوئے تھے، ٹیکنیکل سٹاف موجود نہیں تھا، آگ بجھانے کے مناسب آلات بھی نہیں تھے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی کی ابتدائی رپورٹ تیار کرلی ہے جس میں پمز ہسپتال کے افسران اور عملہ کی غفلت ثابت ہوئی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیراعظم کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ میں عملہ اور افسران کے بیانات ریکارڈ کیے گئے، کمیٹی نے آگ کی اطلاع اور فائر بریگیڈ کے پہنچنے کی ٹائم لائن بھی چیک کی۔ رپورٹ کے مطابق ریسکیو ٹیم کو رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا، تالے لگے ہوئے تھے، (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی عرب کے وزیر برائے ماحولیات پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمن عبدالمحسن الفاضلی ملاقات کر رہے ہیں

پمز سانحہ، نومولود بچوں کی موت پر معروف شوبز مائیں آبدیدہ، نظام پر سوال اٹھا دیے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) میں آتشزدگی کے نتیجے میں 14 نومولود بچوں کی موت کے دلخراش واقعے نے جہاں پورے ملک کو سوگوار کر دیا وہیں شوبز سے وابستہ معروف مائیں بھی اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکیں۔ اداکارہ اور میزبان سعدیہ امام بھی نومولود بچوں کی موت پر بات کرتے ہوئے شدید جذباتی (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

پمز سانحہ ایک بہت بڑا المیہ، واقعے کے دوران کوئی ایس او پیز فالو نہیں کیے گئے، بیرسٹر گوہر

ہسپتال میں کوئی ایسا مؤثر الارم سسٹم موجود نہیں تھا جو کسی ہنگامی صورتحال میں لوگوں کو فوری طور پر الرٹ کرسکے، چیئرمین پی ٹی آئی

حکومت نے جاں بحق بچوں کے لواحقین کے لیے فی خاندان 50 لاکھ روپے معاوضے کا اعلان کیا، خواجہ آصف کا قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پمز سانحہ ایک بہت بڑا المیہ ہے اور واقعے کے دوران کوئی ایس او پیز فالو نہیں کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ اسپتال میں کوئی ایسا مؤثر الارم سسٹم موجود نہیں تھا جو کسی ہنگامی صورتحال میں لوگوں کو فوری طور پر الرٹ کرسکے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ حکومتیں اس لیے ہوتی ہیں کہ ایسے واقعات کی صورت میں متاثرین (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں آٹا مہنگا، کراچی کے شہری سب سے مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ نہ رک سکا، ادارہ شماریات کی جانب سے جاری رپورٹ کے مطابق کراچی کے شہری ملک میں سب (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا سعودی وزیر خارجہ کو ٹیلی فونک رابطہ

اوآئی سی سیکرٹری جنرل کے اتفاق رائے سے انتخاب پر مبارکباد دی

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جمعہ کو جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے موریطانیہ کے سابق وزیر (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ انتظامیہ کا نیا فیصلہ، پاکستانی سمیت غیر ملکی طلبہ کی انٹرن شپ خطرے میں پڑ گئی

نئی ہدایات پر عمل نہ کرنے والی جامعات کو غیر ملکی طلبہ کے داخلے کی اجازت سے محروم کیے جانے کا انتباہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے غیر ملکی طلبہ کے لیے بعض انٹرن شپ اور عملی تربیتی پروگراموں کی اجازت محدود کرنے کی کوششیں شروع کردی ہیں، نئی ہدایات پر عمل نہ کرنے والی جامعات کو غیر ملکی طلبہ کے داخلے کی اجازت سے محروم (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا وفاقی وزارتوں اور محکموں کی جانب سے احکامات پر عملدرآمد میں غفلت اور تاخیر کا سخت نوٹس

وزیراعظم آفس نے احکامات پر عملدرآمد میں تاخیر، فالو اپ کے فقدان اور بین الوزارتی رابطوں میں کمی پر تشویش کا اظہار

مشرف رسول سیان وزیراعظم ڈیلیوری یونٹ سربراہ مقرر، وزیراعظم کے احکامات پر عملدرآمد کی نگرانی کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی وزارتوں اور محکموں کی جانب سے وزیراعظم کے احکامات پر عملدرآمد میں غفلت اور تاخیر کا سخت نوٹس لیتے ہوئے 41 وفاقی سیکریٹریز اور محکموں کے سربراہان کو اہم ہدایات جاری کردی ہیں۔ وزیراعظم آفس کے مطابق وزیراعظم کی ہدایات پر صرف دفتری کارروائی مکمل کرنا کافی نہیں بلکہ ان کے مقاصد کا حصول یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم آفس نے (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات، ملکی بندرگاہوں کی بہتری میں اہم پیشرفت

بندرگاہی شعبے کے لیے ہنرمند افرادی قوت تیار کرنے کو عالمی معیار کا خصوصی تربیتی ادارہ قائم کرنے کا بھی منصوبہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت پاکستانی بندرگاہوں کی بہتری میں اہم پیش رفت سامنے آرہی ہے، پاکستانی بندرگاہوں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات عملی (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ کا پمز چلڈرن وارڈ کے باہر دھرنا

مجھے اور میری بیٹی کو وارڈ کے اندر داخلے کی اجازت نہیں دی جارہی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشال ملک کا پمز چلڈرن وارڈ کے باہر دھرنا دیدیا۔ اس موقع پر کہا کہ پمز سانحہ پر پورا پاکستان خون کے آنسو رو رہا ہے۔ مشال ملک نے کہا کہ مجھے اور میری بیٹی کو وارڈ کے اندر داخلے کی اجازت نہیں دی جارہی ہے (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

پاکستان کے بحری شعبے میں 6 سے 9 ارب ڈالر سرمایہ کاری کی تجاویز موصول

کارگو، ایل این جی، آئل اور کنٹینر ٹرمینلز؛ 9 ارب ڈالر تک سرمایہ کاری کے امکانات

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے بحری شعبے میں غیر ملکی اور عالمی سرمایہ کاری کے بڑے امکانات روشن ہوگئے ہیں، ٹھہرے خطے میں بدلتی ہوئی شپنگ سرگرمیوں کے باعث پاکستان عالمی سرمایہ کاروں کی توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

پانچوں ریفائنریز اپ گریڈیشن معاہدوں کیلئے تیار، 6 ارب ڈالر سے زائد سرمایہ کاری متوقع

ریفائنریوں کی جدید کاری، درآمدی پٹرول ڈیزل پر انحصار کم ہوگا: علی پرویز ملک

کراچی (آن لائن) پاکستان کے ریفائننگ شعبے میں بڑی پیش رفت سامنے آگئی، ملک کی تمام پانچ آئل ریفائنریز نے ریفائنری اپ گریڈیشن پالیسی کے تحت معاہدوں پر دستخط کے لیے ضروری تیاریاں مکمل کرلی ہیں، جبکہ پانچوں ریفائنریز کے معاہدوں پر آئندہ ماہ کے آغاز (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

میں پمز سانحے پر سینیٹ ہاؤس کمیٹی بنانے کی قرارداد منظور

سرکاری تنخواہ لینے والوں کے نجی ہسپتال میں علاج پر پابندی لگ جائے تو سرکاری ہسپتال ایک دن میں ٹھیک ہوجائیں، پرویز رشید

حکومتی کمیٹیوں پر عوام کو یقین نہیں ہے، معاملے پر سینیٹ کی کمیٹی بنائی جائے، جس کی سربراہی اپوزیشن کا کوئی رکن کرے، سینیٹر علی ظفر

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کے اجلاس میں پمز سانحے پر شدید بحث ہوئی آئی جس میں واقعہ کے ذمے داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ سامنے آیا، جبکہ ہاؤس کمیٹی بنانے کی قرارداد منظور کی گئی۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس پریزائیڈنگ آفیسر منظور احمد کاکڑ کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سینٹرل پولیس آفس میں یادگار شہداء پر پھول چڑھا کر شہداء کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کیلئے دعا کر رہے ہیں

قومی اسمبلی اجلاس، سانحہ پمز میں جاں بحق بچوں کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں سانحہ پمز میں جاں بحق بچوں کے لئے فاتحہ خوانی کروائی گئی۔ جمعہ کو شازیہ مری نے ایوان میں نکتہ اعتراض پر کہا کہ پمز میں جاں بحق بچوں کے لئے فاتحہ خوانی کروائی جائے۔ ڈپٹی سپیکر کے کہنے پر ایوان میں وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری نے پمز سانحہ میں جاں بحق بچوں کے لئے فاتحہ خوانی کروائی۔

سانحہ پمز پر حکومت واقعے کے ذمہ داروں کیخلاف سخت کارروائی کرے، قومی اسمبلی کی قرارداد منظور

سانحہ پمز پر پوری قوم افسردہ ہے، مسئلے کے حل کی طرف جانا چاہیے، پارلیمانی کمیٹی اسپیکر کی سربراہی میں بنائی جائے، راجہ پرویز اشرف

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی صحت کا ہنگامی اجلاس سوموار کو طلب کرلیا گیا، کمیٹی سیکریٹری نے وفاقی وزیر، سیکریٹری اور پمز انتظامیہ کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پمز سانحہ کے حوالے سے جو فیصلے ہوں گے شواہد کی بنیاد پر ہوں گے، وزیراعظم کی جانب سے کمیٹی قائم کردی گئی ہے، جو ذمہ دار ہوگا کسی ایک آدمی کو نہیں چھوڑا جائے گا، سینیٹ اور قومی اسمبلی کی مشترکہ (بقیہ نمبر 76 صفحہ 3 پر)

پاکستانی کینو کی چینی ریٹیل مارکیٹ میں براہ راست رسائی کی کوششیں تیز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے اپنے کینو کی چین کو برآمدات بڑھانے کے لیے کوششیں تیز کردیں کیونکہ ملک کا باغبانی کا شعبہ دنیا کی بڑی صارف مارکیٹوں میں سے ایک تک رسائی مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان ہارٹیکلچر ڈویلپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی (PHDEC) نے پاکستان کے معروف ترشاوہ پھلوں کے برآمد (بقیہ نمبر 77 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ایف بی آر اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جو بھی ذمہ دار ہوگا اسے کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی، مصطفیٰ کمال

تمام تر باتوں کا فیصلہ ایک جگہ ہونا چاہیے۔ جنہوں نے آج اپنی رپورٹس جمع کرانی ہیں، ان کے 48 گھنٹے پورے ہونے دیں، وفاقی وزیر صحت

ہم نے اسے ایک ٹیسٹ کیس کے طور پر لیا ہے، اپوزیشن سے گزارش ہے کمیٹیوں میں آکر اپنا کردار ادا کرے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پمز اسپتال میں نومولود بچوں کی اموات کے واقعے پر قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھ سمیت جو بھی ذمہ دار ہوگا، اسے کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔ مصط

روزنامہ عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755
ہفتہ 29 اگست 2026ء

شہریوں کا تحفظ

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی امن کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں موثر کردار ادا کر رہی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کرتے ہوئے پولیس کے رسپانس میکنزم کو مزید موثر بنایا جا سکتا ہے۔ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار میں مزید اضافہ کیلئے اقدامات کئے جائیں گے، سیف سٹیز کا دائرہ مزید شہروں تک پھیلانے سے دہشتگردی اور جرائم کے خاتمہ میں مدد ملے گی۔ ہمیں توقع ہے کہ صوبائی حکومت شہریوں کے تحفظ کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید اقدامات اٹھائے گی۔ سیکورٹی پلان کو بھی ازسرنو مرتب کیا جائے گا۔

نکاسی آب کا نظام

کوئٹہ شہر میں نکاسی آب کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے۔ نالیوں سے نکلتا ہوا گندا پانی سڑکوں اور گلیوں میں بہتا دکھائی دیتا ہے ہم میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ نکاسی آب کے سسٹم کو موثر بنانے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

مرشد کا حکایت نامہ

تحریر۔ عبداللہ طارق سہیل

بالآخر سپریم کورٹ نے مرشد کو بہت مہنگے پرائیویٹ ہسپتال میں داخل کرنے کا حکم دیدیا۔ حبس کے اس موسم میں مرشد کیلئے گویا باد بہاری چل پڑی۔

میرے دل کی کلی کھلی ہے ابھی
کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی۔

یہ موسم تو اچھا گزر ہی جائے گا۔ مرشداتی حلقوں کا خیال ہے، مہینے بھر کی بات ہے پھر مرشد ہسپتال سے واپس اڈیالہ نہیں، بنی گالہ جائیں گے۔ دوسرے حلقے کہتے ہیں نہیں، اڈیالہ ہی جانا پڑے گا۔ عدالت کو بتایا گیا تھا کہ مرشد بہت بیمار ہیں، انہیں بہت اچھے ہسپتال میں علاج کی سخت ضرورت ہے۔ عدالت نے ضرورت مند کی ضرورت پوری کر دی۔ مرشداتیوں نے بے ساختہ نعرہ لگایا: عدلیہ آزاد ہے۔

اصل خبر یہ نہیں، کچھ اور ہے۔ مرشداتی حلقے ایک مدت سے بتا رہے تھے مرشد لوہے کا بنا ہوا ہے، کوئی بیماری اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔ بلکہ بعض کا کہنا تھا بیماری کی کیا مجال کہ مرشد کے پاس سے بھی گزر سکے۔ ایک بگلہ بھگت کہ عرشوں پر لکھا پڑھ لیتے ہیں، بتا رہے تھے کہ میں نے مرشد کا ہاتھ دیکھا ہے، اس میں بیماری کی کوئی لکیر ہی نہیں ہے۔

لیکن جیل کے اندر سے تو کچھ اور ہی خبریں آنے لگیں۔ یہ کہ مرشد کو چکر آتے ہیں اور تین چار بار تو وہ گر بھی پڑے۔ ان کی ایک آنکھ تقریباً ضائع ہو چکی ہے۔ ان کے ہاتھ کانپتے ہیں، رعشہ ہو گیا ہے۔ پیٹ بھی خراب ہے، بلڈ پریشر بہت ہائی ہو گیا ہے۔ اینگزائٹی کے مرض نے پوری طرح جکڑ لیا ہے، وغیرہ وغیرہ در وغیرہ وغیرہ اور اب میڈیکل رپورٹ میں یہ بھی آیا کہ تمام اعضائے رئیسہ یعنی دل جگر گردے دماغ پھیپھڑے شدید ڈیمیج ہو چکے ہیں۔

واللہ، مرشد ہے کہ بیماریوں کی پوٹ۔ آغا حشر کاشمیری ہوتے تو یوں خبر دیتے:

مرشد کس حال میں ہے
مرشد بیماریوں کے جال میں ہے

اس دوران دو ''کرامات'' بھی ہوئیں۔ ایک یہ کہ جو آنکھ 85 فیصد ''مردہ'' ہو چکی تھی، ڈاکٹروں نے بتایا کہ وہ پوری طرح ٹھیک ہو چکی ہے۔ ''تواریخ چشم'' میں شاید ایسا پہلی بار ہوا۔

دوسری کرامت یہ کہ تمام اعضائے تباہی گزیدہ ہو چکے، مرشد پھر بھی چار بار ڈٹ کر دیسی مرغ اور مٹن کھاتا ہے۔ یہ تواریخ اعضائے رئیسہ کا منفرد باب سمجھئے۔

غیر مصدقہ خبر ہے کہ ایک مشقتی نے پوچھا، مرشد رپورٹ آئی ہے کہ آپ کے تمام اعضائے رئیسہ خراب ہو چکے تو مرشد نے ڈپٹ کر کہا، کون سے اعضائے رئیسہ، عضوِ رئیس صرف ایک یعنی پیٹ ہوتا ہے اور بالکل ٹھیک ہے، جلدی سے دیسی مرغ مرغن لاؤ اور چار کلچے بھی۔

یہ خبر بھی غیر مصدقہ ذرائع نے دی کہ پہلی بار جب مرشد چکرا کر گرے تو گرنے سے دھماکہ ہوا جس کی آواز سن کر ہوش میں آ گئے اور وہیں فرش پر لیٹے لیٹے مشقتی سے کہا، کہیں بم پھٹا ہے۔ مشقتی نے کہا، مرشد بم نہیں پھٹا، آپ گر گئے ہیں۔ مرشد نے حیرانی سے کہا، میرے گرنے سے اتنا بڑا دھماکہ۔ مشقتی نے کہا مرشد، دراصل آپ بہت زیادہ گر گئے ہیں، میرا مطلب ہے، آپ بہت زور سے گرے ہیں۔

چکرا کر گرنے سے مرشد کی یادداشت چند لمحوں کیلئے متاثر ہوئی۔ پوچھا میں کہاں ہوں، مشقتی نے کہا آپ اڈیالہ جیل میں ہیں۔ مرشد کو بھی اس اثناء میں یاد آ گیا کہ وہ کہاں ہیں۔ آہ بھر کر بولے، ٹھیک ہے، جاؤ مرغ مسلم لاؤ۔ مشقتی نے حیرت سے کہا کہ مرشد، وہ تو ابھی ابھی آپ تناول فرما چکے، اس کے کھانے کے بعد ہی تو آپ چکرا کر گرے۔ اب اٹھئے بھی، بستر پر آ جائیے، کسی نے یوں گری ہوئی حالت میں دیکھ لیا تو کیا کہے گا۔

عدالتی فیصلہ آنے کے بعد مشقتی نے پوچھا، لوگ کہہ رہے ہیں کہ آپ نے این آر او لے لیا ہے۔ آپ تو کہا کرتے تھے کہ...

مرشد نے مشقتی کی بات کاٹ دی اور کہا، بس خاموش رہو، مجھے پتہ ہے تم آگے کیا کہنے والے ہو۔ دیکھو، میں نے ہمیشہ یہ کہا کہ کسی کو این آر او نہیں دوں گا۔ یہ کبھی نہیں کہا کہ این آر او نہیں لوں گا۔ اس لئے چپ رہو، زیادہ بولے تو___ تمہیں بھی نہیں چھوڑوں گا۔

مرشد کا حکایت نامہ بہت لمبا ہے اور جتنا لمبا، اتنا ہی مزے دار بھی ع:

لذیذ بود حکایت، دراز تر گفتم

کالم کی جگہ اتنی گنجائش نہیں رکھتی۔ اس لئے اتنے لکھے کو کافی جانئے اور چلتے چلتے یہ خبر دیکھتے جائیے جس میں بتایا گیا ہے کہ وفاقی حکومت نے اپنے ابتدائی 22 ماہ کے دوران ملکی قرضوں میں اٹھارہ ہزار آٹھ سو بتیس ارب روپے کا تاریخی اضافہ کیا ہے۔

یہ ابتدائے بہار ہے، عروج بہار تو ابھی آنا ہے کہ مدت ختم ہونے میں ابھی 38 ماہ باقی ہیں۔ واللہ، یہ اتنی بڑی رقم ہے کہ اس سے دس گرین لینڈ خریدے جا سکتے تھے۔ اسی خبر کی بغل میں اسی طرح کی دوسری خبر بھی دیکھتے جائیے کہ سادگی اور بچت پالیسی کے نفاذ کے بعد سے حکومتی اخراجات میں کمی کے بجائے، صرف ایک سال میں، ایک سو بیالیس ارب روپے کا اضافہ ہو گیا۔ یوں ایک سال کے دوران سرکاری اخراجات پر ایک ہزار 33 ارب اکیاون کروڑ روپے اٹھ گئے۔

اب یہ مت پوچھئے کہ اتنی بڑی رقم جاتی کہاں ہے۔ پوچھئے گا تو ''پیکا'' کے تحت اندر ہو جائیے گا۔

☆☆☆☆

یوں بھی ہوا تھا!

تحریر۔ خالد کاشمیری

لیفٹیننٹ جنرل جہانداد خان صوبہ سندھ کے گورنر اور سید غوث علی شاہ وزیراعلیٰ تھے ان کے ہوتے ہوئے اس صوبے میں لسانی تعصبات کی ایسی آگ بھڑکی جس نے شعلہ جوالہ کی صورت اختیار کرتے صوبہ سندھ کے خرمن امن کو جلا کر راکھ کر ڈالا۔ صوبے کے ایسے انتہائی پُرآشوب حالات پر قابو پانے کے لئے 1992ء کے وسط میں قومی سلامتی کے ادارے فوج کو مسلح تنظیموں سے نمٹنے کا فرض سونپا گیا۔

دسمبر 1992ء کے آخری ہفتہ کے ابتدائی ایام تھے کہ پنجاب کے قریباً ایک درجن اخبار نویسوں کو صوبہ سندھ میں فوجی مشن کی تکمیل کے لئے کی گئی کارروائیوں اور داخلی سکیورٹی کی تازہ ترین صورتحال کا مشاہدہ کرنے کی دعوت دی گئی، جس کا اہتمام قومی سلامتی کے ادارے انٹر سروسز پبلک ریلیشنز کے ذمہ تھا۔ اس شعبہ کے افسر تعلقات عامہ میجر سفیر تارڑ (جو بعد میں کرنل کے عہدہ پر ترقی پا گئے تھے) کی رہنمائی میں ہمارا یہ دورہ سندھ سات روزہ تھا۔ اس دوران صوبہ سندھ کے انتہائی مخدوش حالات کو معمول پر لانے میں فوج کو جس جانفشانی سے کام کرنا پڑا، وہ اپنی جگہ انتہائی قومی اہمیت کا حامل ہے مگر صوبے میں کچے کے علاقے سمیت مختلف چھوٹے بڑے شہروں میں ڈاکوؤں کی لوٹ مار اور ہلاکت خیز سرگرمیوں کے خاتمے کا جو کارنامہ انجام دیا۔ وہ تاریخ کے یقیناً ایک بصیرت افروز باب کی حیثیت رکھتا ہے، مگر اس وقت ہمارے تذکرہ کا محور وہ واقعات ہیں جس نے قومی سلامتی کو انتہائی خطرناک اور خونریز حالات سے دوچار کر رکھا تھا۔

یہ 23 دسمبر 1992ء کا دن تھا کراچی شدید سردی کی لپیٹ میں تھا، صبح کے قریباً ساڑھے نو بجے تھے ہم لائنز ایریا کی ایک کشادہ شاہراہ پر واقعہ ایسے قلعہ نما مکان کو حیرت سے دیکھ رہے تھے جس کی بیرونی بلند بالا دیوار کسی قلعہ کی فصیل کی مانند معلوم ہوتی تھی اس دو منزلہ فصیل کے اوپر باقاعدہ حفاظتی آہنی جنگلہ بھی تھا اور فصیل پر زمین سے آٹھ دس فٹ کے فاصلے پر ماہر معمار کے ہاتھوں سے بنائے گئے ایسے خول تھے جن سے کلاشنکوف اور سٹین گن کی نالیاں اندر سے باہر نکالی جا سکتی ہیں تاکہ ضرورت پر وہ اندر سے فائرنگ کر سکیں۔ اس عمارت کے ایک مضبوط آہنی دروازہ سے اندر داخل ہوئے تو حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی کہ اس چھت سے لوہے کی زنجیریں کنڈے لگا کر ایسے آہنی ''بینڈوں'' تک پہنچائی گئی ہیں جو اس ہال میں قریباً درجن بھر بچھے ہوئے تھے۔ وہاں کچھ جستی بالٹیاں بھی دیکھنے کو ملیں۔ عسکری ترجمان نے بتایا کہ یہ مہاجر قومی موومنٹ کے ٹارچر سیلوں میں سے ایک ہے۔ مہاجر قومی موومنٹ کے جرائم پیشہ کرتا دھرتا لوگوں اور کارکنوں سے پوچھ گچھ کی گئی انہوں نے بتایا کہ یہ عقوبت خانے (ٹارچر سیل) الطاف حسین کی خصوصی ہدایات کے تحت قائم کیے گئے اور مختلف علاقوں میں ان کا جال بچھایا گیا۔ ان ٹارچر سیلوں میں دیگر صوبوں سے جو لوگ سالہا سال سے کراچی میں بس رہے تھے۔ ان کے نوجوانوں، بچوں اور بوڑھوں تک کو لا کر بیڈ سے زنجیروں سے باندھ کر پنڈلیوں، بازوؤں اور دماغوں میں درمے سے سوراخ ڈالے جاتے، انہیں مختلف طریقوں سے اپاہج اور مفلوج کر کے اذیتیں دے کر موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا تھا۔ ہم نے یہ بھی دیکھا کہ ٹارچر سیل جس علاقے میں بھی ہے اس کے اردگرد کے علاقے مضبوط آہنی دروازوں سے قلعہ بند کر دیئے گئے تھے۔

عسکری ترجمان کے مطابق تحقیقات سے یہ راز بھی آشکار ہوا کہ عقوبت خانوں کے معاملات میں صرف اور صرف الطاف حسین ہی کی ہدایت پر عمل ہوتا تھا۔ ہمیں ایسے ٹارچر سیل بھی دیکھنے کو ملے جن کی دیواروں پر کئی ماہ گزرنے کے بعد بھی خون کے چھینٹے نمایاں تھے۔ 1992ء جون کے وسط میں فوج کی طرف سے ایک عقوبت خانہ تلاش کیا گیا اس کو دیکھا تو وہاں بے گناہوں کو اذیتیں دینے والے بہت سے آلات بھی موجود تھے تاہم ایسے تمام عقوبت خانوں کو اس وقت فوج اپنی تحویل میں لے چکی تھی۔ اذیت خانے کے دورے کے موقع پر اردگرد کے علاقوں سے مردوں، خواتین اور نوجوانوں کی بڑی تعداد محض اس وجہ سے جمع ہو گئی کہ وہ بھی موجود اعلیٰ حکام کو ایم کیو ایم کے لگائے گئے زخم دکھا سکیں اور ایسے لوگوں میں اردو بولنے والوں سمیت پنجابی، سندھی اور پٹھان بھی تھے۔ ہمیں بتایا گیا کہ لانڈھی کراچی کے ٹارچر سیل کا نام خود الطاف حسین نے وائٹ ہاؤس رکھا تھا ہم دیکھ رہے تھے کہ عقوبت خانے کے رنگ و روغن میں سفید رنگ تو نمایاں دکھایا گیا ہے بتایا گیا اس عقوبت خانے میں جو شخص بھی مہاجر قومی موومنٹ والے پکڑ کر لاتے اُسے بیڈ پر اُلٹا لٹا کر باندھ دیا جاتا اور پھر سرنج لگا کر خون نچوڑا جاتا۔ اس طرح کی اذیت الطاف حسین کی ہدایت پر دی جاتی۔ اس موقع پر وہاں موجود لوگوں نے بتایا کہ اس سیل کے انچارج سلیم شہزاد اور صفدر باقری نامی الطاف حسین کے خاص لوگ تھے یہ حقیقت طشت از بام ہوئی کہ صوبہ سندھ کے عوام بلاتخصیص الطاف حسین کے انسانیت سوز خیالات سے کھلے بندوں حقارت اور نفرت کا اظہار کرتے رہے، اس وقت کراچی میں جنرل آفیسر کمانڈنگ میجر جنرل سلیم ملک تھے۔ انہوں نے مہاجر قومی موومنٹ کی ملکی سلامتی اور قومی یکجہتی کو پارہ پارہ کرنے کی دانستہ کوششوں کے حوالے سے سیر حاصل بات چیت کی تھی۔ انہوں نے بتایا تھا کہ فوج نے مہاجر قومی موومنٹ کے 32 عقوبت خانوں کو باقاعدہ آپریشن سے تحویل میں لیا جن شہروں کی شاہراہوں پر قلعہ بندیاں کی گئی تھیں وہاں سے اٹھارہ سو آہنی دروازے اکھاڑ دیئے گئے اور ان تمام راستوں کو عوام کے لئے کھول دیا گیا۔ فوج نے اپنا مشن پورا کر دیا، انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب آئین کی دفعہ 147 کے تحت مئی 1992 میں فوج کو سندھ بھیجا گیا تھا، اس وقت سندھ میں صوبائی حکومت موجود تھی، مگر شہر کا امن و امان غارت ہو چکا تھا۔ یہ اتنا بڑا شہر سرِشام ہی سناٹوں کی گود میں چلا جاتا تھا جس کی بعد شاہراہوں پر ہُو کا عالم طاری ہو جاتا تھا، کوئی شخص جان و مال اور عزت و آبرو کے لٹ جانے کے خوف سے شام کے بعد گھر سے نہیں نکلتا تھا۔

کراچی سمیت پورا سندھ جرائم پیشہ لوگوں کی آماجگاہ بن چکا تھا یہاں سیاسی، اقتصادی اور سماجی زندگی حقیقی معنوں میں تباہ ہو چکی تھی۔ یونیورسٹیاں، کالج اور تعلیمی ادارے مہلک ہتھیاروں کے ذخیروں میں بدل چکے تھے۔ فوج ایسے تمام مسائل پر قابو پا چکی ہے۔ مہاجر قومی موومنٹ کے مائنڈ الطاف حسین کی اخلاقی پستی کا اندازہ اس وقت کے جنرل آفیسر کمانڈنگ حیدرآباد کے اس بیان سے لگایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے اسی دورے کے دوران ایک ملاقات میں بتایا کہ حیدرآباد میں فوج نے ایک نوجوان اویس شیلی کو گرفتار کیا جو سوزوکی پک اَپ میں موٹر سائیکل چوری کر کے لے جایا کرتا تھا یہ نوجوان مہاجر قومی موومنٹ کا سرگرم کارکن تھا۔ ایم کیو ایم ہائی کمان کے طے شدہ منصوبے کے تحت اویس شیلی اور اس جیسے دوسرے کئی نوجوانوں کو تنظیم کی طرف سے شراب مہیا کی جاتی تھی جو آہستہ آہستہ اُن کی خوراک بن گئی، سندھ میں لسانی فسادات کا الاؤ روشن ہو گیا اس نے ڈاکے اور چوریاں شروع کیں اسی طرح میرپور خاص میں ''سعید کالیا'' نامی نوجوان بھی مہاجر قومی موومنٹ کا رکن تھا اس نے علاقے میں اُودھم مچا رکھا تھا وہ سنگین جرائم میں ملوث تھا جب آپریشن کے دوران فوج نے اسے گرفتار کیا تو میرپور کے لوگوں نے خوشیاں منائیں، مٹھائی بانٹیں۔

ایک تاریخی محل، ایک تاریخی معاہدہ

تحریر۔ مدیحہ ابرار

فرانس ایک خوبصورت ملک ہے جو اپنے اندر تاریخ کے کئی اہم واقعات کو سموئے ہوئے ہے۔ خاص طور پیرس کے اطراف میں تاریخی نشانیاں جا بجا بکھری پڑی ہیں' جن میں شاہی تاریخ' جنگوں کی علامات' امن معاہدوں کی یادگار' قدیمی عمارتیں اور انقلاب کے آثار شامل ہیں۔ اچھی بات یہ ہے کہ حکومت فرانس نے اس تاریخ کو بہت احتیاط سے محفوظ کر رکھا ہے۔ تمام تاریخی مقامات اپنی پوری شان و شوکت کے ساتھ آج بھی موجود ہیں۔ کچھ عرصہ قبل فرانس کے قدیمی نوٹرے ڈیم چرچ میں آگ لگ گئی تھی جس کی وجہ سے اس تاریخی عبادت گاہ کو بہت نقصان پہنچا لیکن حکومت نے اس کو مرمت کر کے چرچ کو عبادت اور عوام کی سیاحت کے لئے دوبارہ کھول دیا۔ اب ایران اور امریکہ کے درمیان جو تاریخی معاہدہ ہوا ہے' امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فرانس ہی کی ایک تاریخی عمارت میں بیٹھ کر اس پر دستخط کیے۔ یہ عمارت جو کبھی بادشاہوں کا محل ہوا کرتی تھی' اب اس کا بیشتر حصہ سیاحت اور میوزیم کے لئے وقف ہے۔ فرانس میں جی سیون ممالک کا اجلاس ہوا۔ یہ ایک سیاسی اور اقتصادی فورم ہے' جس کے ممبران میں امریکہ' فرانس' جرمنی' اٹلی' کینیڈا' جاپان اور برطانیہ شامل ہیں۔ یورپی یونین اگرچہ اس کے عددی ممبران میں شامل نہیں' البتہ فیصلہ سازی میں اس سے مکمل مشاورت ہوتی ہے۔ بھارت اس کا باقاعدہ رکن نہیں لیکن اس کو متعدد بار بطور مہمان اس فورم پر مدعو کیا گیا۔ اس سال جی سیون اجلاس میں برازیل' کینیا' جنوبی کوریا اور یوکرین کو بھی مدعو کیا گیا۔ مصر' متحدہ عرب امارات اور قطر نے بھی اس اجلاس میں شرکت کی۔ رواں سال اس اجلاس کا مقصد تمام ممبران کے درمیان متوازن اور مشترکہ ترقی' نئی عالمی مصالحت' مزید تعاون' معدنی وسائل پر پارٹنرشپ اور تجارت کا فروغ تھا۔ اس کے ساتھ سمگلنگ اور کینسر کے خلاف جنگ اور بچوں کو آن لائن محفوظ رکھنا بھی جی سیون کے ایجنڈے میں شامل رہا۔ اس اجلاس میں مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال بھی زیر بحث آئی اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جی سیون اجلاس کے دوران ہی ورسائے محل (Versailles of Palace) نامی تاریخی عمارت میں ایران' امریکہ معاہدے پر دستخط کیے۔ یہ محل تاریخی طور پر خاصی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ پیرس کے جنوب مغرب میں 20 کلومیٹر فاصلے پر قائم ہے اور یونیسکو کے عالمی ورثے میں شامل ہے۔ ہر سال لاکھوں لوگ یہاں سیاحت کے لئے آتے ہیں۔ یہ جگہ پہلے شاہی شکارگاہ تھی' تاہم بادشاہ لوئی چہاردہم (XIV Louis)' جنہیں سن کنگ بھی کہا جاتا تھا' نے اپنے والد کی شکارگاہ کو محل میں تبدیل کر کے اس کو سیاست کا گڑھ بنا دیا۔ اس کے بعد لوئی پانزدہم نے بھی یہاں قیام کیا' فنونِ لطیفہ پر گہری چھاپ چھوڑی اور یہاں اوپرا بنوایا۔ لوئی شانزدہم اور ملکہ میری انتھونی بھی یہاں کے مکین رہے۔ اُن کے دور میں فرانس کے حالات بہت خراب ہو گئے تھے اور عوام غربت سے بدحال تھے۔ عوامی بغاوت کے سبب بادشاہ کو ورسائے محل چھوڑنا پڑا۔ بعد میں اسے پھانسی دے دی گئی۔

ملکہ میری انتھونی' جو اپنے لباس' سٹائل' فیشن اور پُرتعیش زندگی کی وجہ سے مشہور تھی' کو بھی بغاوت کے بعد یہ محل چھوڑنا پڑا اور پھر اس کا سر قلم کر دیا گیا۔ انقلاب کے بعد کچھ عرصہ نپولین بونا پارٹ یہاں قیام پذیر رہا۔ اس کے بعد بادشاہ لوئی فلپ کے دور 1837ء میں اسے میوزیم آف ہسٹری آف فرانس بنا دیا گیا۔ اب ورسائے محل کو ہر عام و خاص ٹکٹ خرید کر دیکھ سکتا ہے۔ اس محل میں 2300 سے زائد کمرے ہیں اور باغات 800 ایکڑ پر پھیلے ہوئے ہیں۔ اس کا مرر ہال اس کا سب سے نمایاں حصہ ہے' جس پر 350 سے زائد شیشے نصب ہیں۔ اس کے سو کمرے اب فرانس میوزیم کے زیر استعمال ہیں۔ صدر ٹرمپ نے ورسائے محل کی ''لوئر گیلری'' میں بیٹھ کر ایران' امریکہ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے' تاہم ایران اور امریکہ کے مابین ہونے والا معاہدہ یہاں ہونے والا پہلا تاریخی معاہدہ نہیں ہے۔

1768ء میں یہاں ''ٹریٹی آف ورسائے'' سائن ہوا۔ 1783ء میں یہاں طے پانے والے معاہدے سے فرانس' سپین اور برطانیہ کے درمیان اختلافات ختم ہوئے۔ 1789ء میں یہاں دو ''پیس آف پیرس معاہدے'' ہوئے جنہوں نے امریکی انقلاب کی جنگ کو ختم کیا۔ 1919ء میں اس محل کے ہال آف مررز میں پہلی عالمی جنگ کو ختم کرنے کا معاہدہ ہوا۔ اسی معاہدے میں جرمنی کو جنگ کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے اس پر ہرجانہ بھی عائد کیا گیا۔ فرانس نے اس مقام کا انتخاب ایک خاص وجہ سے کیا تھا۔ 1871ء میں جرمنی اور فرانس کے مابین فرینکو پروشین جنگ ہوئی تھی جس میں فرانس کو شکست ہوئی تھی۔ اس وقت جرمنی نے فرانس کی تذلیل کیلئے فرانس کے ورسائے محل میں کھڑے ہو کر اپنی فتح اور نئی جرمن ایمپائر کا اعلان کیا تھا۔ اس لئے پہلی عالمی جنگ میں شکست کے بعد فرانس نے جان بوجھ کر جرمنی کو یہاں مدعو کیا تاکہ پرانی خفت کا بدلہ لیا جا سکے۔ 1920ء میں یہاں 'ٹریانون معاہدہ' سائن ہوا جس کی وجہ سے ہنگری سے اس کی دو تہائی زمین اور آبادی اس سے چھین لی گئی معاہدے کے لئے صدر ٹرمپ کی جانب سے اس جگہ کا انتخاب خاصی اہمیت کا حامل ہے۔

Daanish University

دانش یونیورسٹی

Build an Institution. Shape a nation.

A new university is emerging in Islamabad.
We are looking for an investment advisor.

INVESTMENT ADVISOR — SEPARATELY MANAGED ACCOUNT (SMA)

Daanish University is an emerging institution in Islamabad, Pakistan, operating independently under a trust and offering, rigorous STEAM (Science, Technology, Engineering, Arts & Mathematics) education that will converge with civilizational values, to shape future leaders of Pakistan. Daanish University aims to develop graduates with strong fundamentals; multidisciplinary ability, and ethical grounding - drawn from diverse socio-economic backgrounds purely on merit.

VALUES

We develop graduates with strong fundamentals, multidisciplinary ability and ethical grounding, drawn from diverse backgrounds **purely on merit**. A national outreach programme identifies, nurtures and **fully funds** the most talented students from across Pakistan. Our core values — rigour, inclusivity and merit — rest on four pillars: transdisciplinary pedagogy; inclusion; collaboration & societal impact; and a culture of inquiry & reflection.

THE ROLE

Daanish University Trust seeks independent, professional and fiduciary investment advisory services for prudent management of its Endowment Fund, with these overarching objectives:

- Preservation of capital in real terms
- Maintaining adequate liquidity for operational and strategic requirements
- Achieving sustainable long-term returns in excess of inflation and approved benchmarks
- Ensuring prudent diversification and minimising investment risks
- Strengthening institutional investment governance and oversight mechanisms

WHO MAY APPLY

Asset Management Companies (AMCs) and firms licensed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) are invited to submit proposals to act as Investment Advisor and to manage the Trust's endowment through a Separately Managed Account (SMA) structure.

ELIGIBILITY CRITERIA

- Valid SECP licence for asset management and investment advisory, plus active MUFAP membership
- AMC rating of **AM1** or above (PACRA or VIS), with no negative watch or outlook
- Ten or more years in operation since incorporation
- Total AUM of at least **PKR 250 billion**
- Ten-year track record in money market and income fund management
- At least **40** institutional, endowment or SMA mandates managed
- Clean regulatory record — no material SECP sanctions in the past five years

WHAT TO SUBMIT

Firms must also submit:

- Company profile: legal name, date of incorporation, SECP licence, MUFAP membership and AMC rating
- Total AUM in PKR, with client mix — individuals, corporates, pension funds, NGOs and endowments
- Fixed income fund performance, last ten years ending 30 June 2026
- Equity fund performance, last ten years ending 30 June 2026
- Investment team snapshot: total size, CFA charter holders and average experience

PROCUREMENT METHOD

The procurement shall be conducted through Single Stage – Two Envelope Procedure using the Quality and Cost Based Selection (QCBS) method, in accordance with Regulation 3(B) of the PPRA Procurement of Consultancy Services Regulations, 2010, read with the applicable provisions of the Public Procurement Rules, 2004 and the e-Pak Procurement Regulations, 2023.

HOW TO SUBMIT

The RFP and all associated documents are available at **PPRA website and EPADS 2.2**. Proposals must be prepared strictly in accordance with the RFP.

EVALUATION

Proposals will be evaluated on the technical and financial standing of the bidders. The weightage assigned to the technical and financial components is set out in the RFP.

Daanish University Trust reserves the right to accept or reject any or all proposals, at any stage of the process, without assigning any reason and without incurring any liability whatsoever to the affected bidder(s).

DEADLINE & OPENING

The Technical & Financial Proposals must be submitted on EPADS 2.0 by **11:00 a.m. on Thursday, 17 September 2026**. The Technical Proposals shall be opened on same day at 11:30 a.m. in the presence of bidders or their authorised representatives who choose to attend, at the address below.

Daanish University Trust
Shah Jehan, Secretary
Room # 227, 2nd Floor, Block-D,
Pak Secretariat, Islamabad · Tel 051-9103915

PID (I)1983/26

• Deadline Thursday, 17 Sep 2026 • Submission 11:00 a.m. • Opening 11:30 a.m.

CORRIGENDUM

NIT Published in daily Newspaper Vide DPRQ/PRQ No. 507 Dated: 31-07-2026 Following corrections may be noted as below:
Regarding TSE # 2627071144903 The last date of submission , also date of opening may be read as 04-09-2026 and updated BOQ has been uploaded on BPPRA website. Bidders are requested to participate in tender according to new updated BOQ .
Other terms and conditions will be the same as earlier published

Executive Engineer (Buildings)
C W P P & H Department
Sohbatpur

PRQ No.1097/28-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Kalat Division At Khuzdar invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2026, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm , for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1	REPAIR AND ADDITIONAL ROOMS IN GURU NANAK MANDIR HINDU MUHALLA KHUZDAR **TSE-2627081178323**	19,801,774

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The firm/contractor must have valid registration with the Pakistan Engineering Council (PEC), duly renewed upto date, in the relevant category C-6 , or above The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1500/- for each tender must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP) detail mentioned in bidding documents. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **14th September, 2026** till 01:00 PM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 02:00 PM **Address**: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Dev: Department, Kalat Division at Khuzdar. Telephone No. 0848413467 Bid Validity Period: Ninety (90) Days. Email: eeupddsibi4201@gmail.com.

DPRQ/PRQ No.1093/28-8-2026

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department
Kalat Division at Khuzdar

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

باب وولمر نے پیشگوئی کی تھی محمد آصف مستقبل میں ایک عظیم بالر بنیں گے، رمیز راجہ

لارڈز (این این آئی) لارڈز میں پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان دوسرے ٹیسٹ کے پہلے روز کے دوران کمنٹری میں سابق کپتان رمیز راجا نے دلچسپ انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ سابق کوچ باب وولمر نے محمد آصف کے بارے میں بڑی پیشگوئی کی تھی۔ رمیز راجا کے مطابق جب انہوں نے پہلی بار محمد آصف کو دیکھا تو وہ باب وولمر کے ہمراہ تھے، اس وقت آصف نے پاکستان کے لیے ایک بھی میچ نہیں کھیلا تھا۔ باب وولمر نے میرا ان سے تعارف کروایا اور کہا کہ محمد آصف مستقبل میں ایک عظیم بالر بنیں گے۔ رمیز راجا نے کہا کہ میرا پہلا سوال باب وولمر سے یہی تھا کہ اس کی رفتار کتنی ہے؟ جس پر وولمر نے بتایا کہ اس وقت آصف کی رفتار تقریباً 130 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے، مجھے حیرت ہوئی کیونکہ پاکستان ہمیشہ تیز رفتار بالرز کے لیے جانا جاتا رہا ہے، میں نے کہا کہ پھر یہ فاسٹ بالر کیسے ہو سکتا ہے؟۔ رمیز راجا نے کہا کہ بعد میں محمد آصف اپنی لائن اور لینتھ کی بدولت ایک بہترین بالر بن گیا لیکن ہم تو 90 میل فی گھنٹہ کی رفتار دیکھنے کے عادی تھے، اس لیے اس طرح کی بالنگ دیکھ کر عجیب سا لگتا تھا۔

اتھلیٹکس کو نمبر ون اولمپک کھیل برقرار رہنا چاہیے، سیباسٹین کو

زیورخ (این این آئی) ورلڈ اتھلیٹکس کے صدر سیباسٹین کو نے کہا ہے کہ اتھلیٹکس کو اولمپکس کا نمبر ون کھیل برقرار رکھنے کے لیے مسلسل ترقی اور جدت کا سفر جاری رکھنا ہوگا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سیباسٹین کو نے کہا کہ فٹ بال اور اتھلیٹکس دنیا کے 2 حقیقی عالمی کھیل ہیں اور اتھلیٹکس کو اپنی برتری برقرار رکھنی چاہیے۔ زیورخ میں ڈائمنڈ لیگ مقابلے سے قبل گفتگو کرتے ہوئے سیباسٹین کو نے کہا کہ وہ اتھلیٹکس کے مستقبل کے حوالے سے پ

1 — بقیہ

دفتر آمدنیتی وفد میں صوبائی وزیر ہیلتھ محمد کاشر علی مغل، مقام سول ہوسپٹل، ڈائریکٹر نارکوٹکس عثمان قیصر، اس موقع پر جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ جاوید اور ضلع سیکرٹری جماعت اسلامی کیچ کے صوبائی وزیر ہیلتھ کے ساتھ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

2 — بقیہ

کاروباری اثرات ہوئے جو اپنے اندر قانونی کارروائی کے مطالبات پر مبنی ہیں۔ اس کے علاوہ ان میں سے بعض پابندیوں کا خاتمہ ہوا ہے جو ایران کے عوام کو اس کے بنیادی حقوق سے محروم کرنے کا اس کے جبری پروگرام سے متعلق تسلیم نہیں کرتا ہے۔

3 — بقیہ

ٹیکنالوجی کی ترقی اور ادارہ جاتی استعداد کار بڑھانے کے لیے ٹیلیفون کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ڈاکٹر ثمینہ اسلام نے کہا کہ سنسر اسلام کی ایک قابل تعریف اور پیشہ ور افسر ہیں جنہوں نے اپنی تعیناتی کے دوران ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافہ اور انتظامی کارکردگی کے بہتر بنانے میں مثبت کردار ادا کیا ہے۔

4 — بقیہ

سینیٹ سیوال خان ناصر نے کہا کہ سنحاطت ریاست کا اہم ستون اور جمہوری معاشرے کی متوازن اور مضبوط بنیاد ہے۔ صحافی برادری کی فراہمی خصوصی تربیت بنیادی ستون ہے جو کہ اپنے عوام کو جدید اپنے اور جدید معاشرے کی ضرورت کے مطابق سائل کے معاملات کو مؤثر انداز س

اسلام آباد' گوادر' ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان سی پیک کے تحت جوائنٹ ورکنگ گروپ کے نویں اجلاس برائے گوادر میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

معاشرے میں سکونی بے اعتمادی اور اخلاقی زوال بڑھ رہا ہے، جمعیت کوئٹہ

سرکاری دفاتر میں جائز امور کی انجام دہی کے لیے بھی سفارش اور رشوت کا سہارا لینا معاشرے میں بدعنوانی، ناانصافی اور حق تلفی کے فروغ کا باعث بن رہا ہے

میرٹ کی پامالی، اقربا پروری، اختیارات کا ناجائز استعمال اور رشوت خوری درحقیقت عوام کے حقوق پر ڈاکا اور بدترین حق تلفی ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ سرکاری دفاتر میں جائز امور کی انجام دہی کے لیے بھی سفارش اور رشوت کا سہارا لینا معاشرے میں بدعنوانی، ناانصافی اور حق تلفی کے فروغ کا باعث بن رہا ہے۔ رشوت ستانی نہ صرف انتظامی نظام کی شفافیت کو متاثر کرتی ہے بلکہ معاشرے میں میرٹ دیانت داری اور انصاف کی بنیادوں کو بھی متزلزل کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حرام ذرائع سے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

بلوچستان حکومت کے اعلیٰ سطحی وفد کی جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر آمد

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی 29 اگست کو شروع ہونے والے دھرنے کے حوالے سے بلوچستان حکومت (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

حاجی علی مدد جتک کی رہائش گاہ پر عظیم الشان کھلی کچہری

عوام کا جمِ غفیر، مسائل کے حل کی فوری یقین دہانی کرائی گئی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر ورکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک کی جانب سے ان کی رہائش گاہ پر منعقدہ کھلی کچہری میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے مسائل اور مشکلات براہِ راست اپنے منتخب نمائندے کے سامنے پیش کیے۔ کھلی کچہری عوامی رابطے اور خدمتِ خلق کے جذبے کی عملی تصویر بن گئی۔ حلقہ انتخاب سمیت مختلف علاقوں سے آنے والے شہریوں، قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات، کارکنوں اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر عوام نے ترقیاتی کاموں، سڑکوں، پانی، بجلی، نکاسی آب، صحت، روزگار اور دیگر بنیادی مسائل سے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

احترام پر مبنی علاقائی سکیورٹی نظام ہی بہترین راستہ ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

بیک وقت مضبوط اور متوازن تعلقات پاکستان کی ایک اہم اسٹریٹجک طاقت بن سکتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی مسلم ممالک کے درمیان باہمی سلامتی اور عدم جارحیت کے معاہدے کی تجویز ایسے وقت سامنے آئی ہے جب مشرق وسطیٰ شدید کشیدگی، باہمی عدم اعتماد اور مسلسل سکیورٹی بحران کا سامنا کر رہا ہے۔ ایران کی یہ تجویز اگر عملی شکل اختیار کرتی ہے تو خطے میں ایک ایسے نئے سکیورٹی فریم ورک کی بنیاد بن سکتی ہے جس میں علاقائی ممالک اپنی سلامتی کیلئے باہمی تعاون اور مکالمے کو فروغ دیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کی ہے، حاجی خان بڑیچ

میر سرفراز بگٹی صوبے کی یکساں بنیادوں پر ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں حاجی خان محمد بڑیچ، میر ریاض شاہوانی، حاجی اختر بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے کی یکساں بنیادوں پر ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہیں، صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مخلوط صوبائی حکومت حزب اقتدار اور حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی کو فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے جس سے صوبے بھر میں اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالصمد گورگیج ملاقات کر رہے ہیں

کوئی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے، مہر اللہ بادینی

مدارس میں پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون اور نگرانی کو یقینی بنایا جائیگا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیرِ صدارت 31 اگست سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے دوران مدارس میں بچوں کی 100 فیصد کوریج یقینی بنانے کے حوالے سے علما کرام کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نیشنل ای او سی کو آرڈینیٹر انعام الحق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، علما کرام اور پولیو ٹیموں کے اہلکاران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مدارس میں پولیو مہم کو کامیاب بنانے، کسی بھی قسم کے ریفیوزل کے خاتمے اور تمام اہل بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے لیے 100 فیصد کوریج یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

تمبو کے علاقے میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

ڈیرہ اللہ یار میں زرعی پانی کے تنازعے پر فائرنگ سے 15 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار زرعی پانی کا تنازعہ مری قبیلے کے دو گروپ میں مسلح تصادم پندرہ افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا پولیس نے چھ افراد کو گرفتار کر کے حالات پر قابو پا لیا پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار کے علاقے بھٹ گڑھ میں زرعی پانی وارہ بندی کے تنازعے پر مری قبیلے کے دو گروپ میں مسلح تصادم کے نتیجے میں پندرہ افراد شدید زخمی ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئے اور زخمیوں کو لیبر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کر دیا گیا جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد چھ زخمیوں کو مزید علاج کیلئے لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا پولیس نے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز کے لیے لیٹر آف اپریسی ایشن کا اعلان

حسن اسد علوی ایک قابل، محنتی اور پیشہ ور افسر ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان سے تبادلہ ہونے والے سینئر پولیس افسر اور ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز حسن اسد علوی کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے لیے لیٹر آف اپریسی ایشن کا اعلان کیا ہے۔ جمعہ کو بلوچستان پولیس ڈیجیٹل انیشیٹوز کی افتتاحی تقریب کے موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پولیس سروس آف پاکستان کے سینئر افسر حسن اسد علوی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں تعیناتی کے دوران انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انتہائی احسن انداز میں انجام دیں اور پولیس کے نظام میں بہتری، جدید (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

نوجوانوں میں صلاحیت اور آگے بڑھنے کا جذبہ موجود ہے' سیدال خان ناصر

صحافت ریاست کا اہم ستون اور جمہوری معاشرے کی مؤثر آواز ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا بلوچستان میں میڈیا، خواتین اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور بلوچستان سے تعلق رکھنے والی صحافی سمیرا راجپوت اختر جان نے وفد کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس میں قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں صحافیوں کو درپیش مسائل، میڈیا کے فروغ، خواتین اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے، روزگار کے مواقع اور سماجی و معاشی ترقی سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سنٹرل پولیس آفس آمد پر پولیس کے چاک و چوبند دستے کی جانب سے سلامی پیش کی جا رہی ہے

یوم شہداء صحافت اظہار رائے کی آزادی صحافت کی جدوجہد سے پیچھے ہٹنے کا عزم

شہید صحافیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت 40 سے زائد شہدا کی یاد میں بی یو جے کے زیر اہتمام سیمینار

پکا ایکٹ جیسے کالے قوانین کا سہارا لیا جا رہا ہے' پاکستان بالخصوص بلوچستان میں صحافت مشکل ترین کام بن گیا ہے، مقررین

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) کے زیر اہتمام یوم شہدا صحافت بلوچستان کی مناسبت سے کوئٹہ پریس کلب میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں صحافیوں، وکلا، انسانی حقوق کے نمائندوں، سماجی کارکنوں، تجزیہ نگاروں اور شہدا کے لواحقین نے شرکت کی۔ سیمینار سے بی یو جے کے صدر منظور احمد رند، پی ایف یو جے کے سینئر نائب صدر نور الٰہی بگٹی، کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، بی یو جے کے جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، سماجی کارکن فوزیہ شاہین، سینئر صحافی تجزیہ نگار امتیاز گل، انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان بلوچستان چیپٹر کے چیئرپرسن محمد کاشف پانیزئی، کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری میر فہد مینگل اور شہدا کے خاندانوں کی جانب سے شہید صحافی واحد رئیسانی کے بھائی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

قلعہ عبداللہ میں مسلح افراد اور مقامی قبائل میں فائرنگ کا تبادلہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں مسلح افراد اور مقامی قبائل میں فائرنگ کا تبادلہ، مسلح افراد فرار (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے فول پروف اقدامات ناگزیر ہیں، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

حکومت اور ضلعی انتظامیہ کو ملک بھر کے سرکاری و نجی ہسپتالوں کا باقاعدہ سیفٹی آڈٹ کرانا چاہیے

اسلام آباد/ کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے کے نتیجے میں نومولود بچوں کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ صرف چند معصوم جانوں کا ضیاع نہیں بلکہ ان والدین کے خوابوں، امیدوں اور خوشیوں کا اجڑ جانا ہے جن کے لیے ان کے ننھے فرشتے زندگی کی سب سے بڑی خوشی تھے۔ انہوں نے کہا کہ نومولود بچے والدین کی امید، گھر کی خوشی اور مستقبل کا روشن چراغ ہوتے ہیں، ان معصوم جانوں کا یوں چلے جانا ایک ایسا سانحہ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

کوئلہ کانیں موت کا کنواں بن گئی، رواں سال 118 کانکن جاں بحق ہوئے

جولائی اور اگست کے مہینے میں 50 سے زائد کان کن جاں بحق ہوئے: سلطان خان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے دکی کے علاقے معراج کول ایریا میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے نتیجے میں تین کان کنوں کی المناک ہلاکت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور اس واقع کی شفاف تحقیقات اور ہلاک ہونے والے کانکنوں کے لواحقین کو مکمل معاوضے کی ادائیگی جبکہ کوئلہ کانوں میں حفاظتی اقدامات، صحت و سلامتی کے حوالے سے قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان اور آل پاکستان لیبر (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

میر شعیب نوشیروانی مسلم لیگ (ن) کا اثاثہ ہیں، سید جہانگیر شاہ

خاران میں اڑھائی سال کے دوران ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے خاران میں اڑھائی سال کے دوران ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے ہیں جس سے علاقے کے عوام مستفید ہو رہے ہیں، بعض افراد صوبائی وزیر کے خلاف منفی اور جھوٹا پروپیگنڈہ کر رہے ہیں جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے مسلم لیگ (ن) کے کارکن اپنے وزراء کے خلاف بیان بازی سے گریز کریں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما و صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ ایمبیکر بلوچستان اسمبلی سے صاحبزادے کی وفات پر گورنر جعفر خان مندوخیل اور رکن صوبائی اسمبلی میر اسد اللہ بلوچ تعزیت کر رہے ہیں

عام لوگ سماجی اور معاشی اعتبار سے اپاہج ہو کر رہ گئے ہیں، اسلم بلوچ

حکومت اور ریاست کو ان کے متعلق سوچنا چاہیے ساری آبادی نہ دہشت گرد ہے نہ ہی سہولت کار

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ کھڈ کوچہ مستونگ میں لوگوں کو سرکاری سطح پر ان کے گھر بار، تیار فصلات باغات اور بچوں کو اسکولوں سے بے دخل کیا جا رہا ہے کھڈ کوچہ پچاس ہزار پر مشتمل سرسبز و شاداب وادی ہے اس وقت وہاں لوگ بدترین صورتحال سے دوچار ہیں آئے روز فورسز اور تنظیموں کے مابین جھڑپوں کے باعث عام لوگ سماجی اور معاشی اعتبار سے اپاہج ہو کر رہ گئے ہیں طویل کرفیو کی بدولت ٹیوب ویلز بند ہونے سے تیس سالوں کی مشقت سے تیار باغات خشک ہو گئے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

پاکستان کا ریل کے ذریعے ایران سے رابطہ پچھلے سات ماہ سے منقطع

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کا ریل کے ذریعے ایران سے رابطہ پچھلے سات ماہ سے منقطع۔ ریلوے حکام کے مطابق 632 کلومیٹر طویل کوئٹہ تفتان ریلوے سیکشن کو قائم ہوئے اب 100 سال مکمل ہو رہے ہیں، یہ روٹ پاکستان کو ریل کے ذریعے ایران سے ملاتا ہے، کوئٹہ سے ایران کیلئے مسافر ٹرین سروس بند ہوئے تقریباً تیس سال ہو چکے ہیں تاہم اب پچھلے سات ماہ سے پاکستان سے ایران کیلئے مال گاڑی کی آمد و رفت بھی بند ہے حالانکہ چار سال قبل اس سیکشن پر ریلوے نے ایک سال کے دوران مال ٹرین کے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیرِ صدارت مشترکہ ضلعی ترقیاتی کمیٹی کا اجلاس

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیرِ صدارت مشترکہ ضلعی ترقیاتی کمیٹی کا اجلاس جمعہ کے روز تربت میں منعقد ہوا، جس میں ضلع کیچ میں جاری ترقیاتی امور، مشترکہ ضلعی ترقیاتی منصوبوں اور سماجی بہبود سے متعلق مختلف اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس بی آر ایس پی کے پسنی روڈ، تربت میں واقع دفتر میں منعقد ہوا، جس میں میونسپل کارپوریشن تربت، محکمہ صنعت (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

ضلعی انتظامیہ کی منی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائی، 25 پمپس سیل، 16 افراد گرفتار

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کا زیادہ آبادی والے علاقوں میں غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف کریک ڈاؤن، 25 غیر قانونی منی پیٹرول پمپس سیل، 16 افراد گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر زیادہ آبادی والے علاقوں میں غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائیوں (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ پولیس کی جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی

14 ملزمان گرفتار' قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن، منشیات موبائل فون برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر، سنگین وارداتوں میں ملوث راہزنی، ڈکیتی اور دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن، منشیات موبائل فون اور لوٹا گیا سامان برآمد کر لیا۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان مزمل اور سبطین کے قبضے سے 2 پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے۔ اسی طرح شالکوٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث 3 ملزمان، شاہزیب، علی احمد اور (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

قلات' ہیضہ کی وباء پھوٹ پڑی، مغلوئی کے رہائشی دو بچے جان کی بازی ہار گئے

متعدد بچے متاثر، متاثرہ بچے مزید علاج کیلئے کوئٹہ مستونگ اور خضدار کیلئے منتقل

قلات (آن لائن) قلات میں ہیضہ کی وباء پھوٹ پڑی، مغلوئی کے رہائشی 2 بچے جان کی بازی ہار گئے، جبکہ متعدد بچے متاثر، متاثرہ بچے مزید علاج کیلئے کوئٹہ مستونگ اور خضدار کیلئے منتقل، دور جدید میں بھی قلات میں علاج کی سہولت نہ ہونے اور حکومتی دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے، مغلوئی سمیت قلات کے مختلف ایریا میں وباء کے خوف وجہ سے والدین پریشان، جاں بحق بچوں میں مغلوئی کے رہائشی بچے بارہ سالہ امین اللہ ولد غلام مصطفیٰ قوم لانگو اور تین سالہ محمد احمد ولد شبیر احمد قوم زہری شامل ہیں، عوامی حلقوں نے حکومت سے فوری نوٹس (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

مستونگ' گاڑی پر فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا گیا

دشت، دھماکہ خیز مواد زور دار دھماکے سے پھٹنے کے نتیجے میں ایک شخص زخمی

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں نامعلوم ڈاکوؤں نے گاڑی پر فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا گیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز منگچر کے قریب کوئٹہ کراچی شاہراہ پر نامعلوم ڈاکوؤں نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں عبدالغنی زخمی ہو گیا جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ شت کے علاقے میں سبی روڈ پر موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد زور دار دھماکے سے پھٹنے کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہو گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب دشت کے علاقے میں سبی روڈ پر درخشان (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر سینٹ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

پشتونخوا نیپ اصولی جدوجہد پر یقین رکھتی ہے، اعظم کاکڑ

محرومیوں کے خاتمے کے لیے عوام کو منظم اور باشعور بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی پشتون ملت کے سیاسی، قومی اور سماجی حقوق کے حصول کے لیے قومی، جمہوری اور اصولی جدوجہد پر یقین رکھتی ہے۔ پشتون عوام کی محرومیوں کے خاتمے، ان کے قومی و سیاسی حقوق کے حصول اور عوام کو منظم و باشعور بنانے کے لیے منظم سیاسی جدوجہد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی حلجی کالونی علاقائی یونٹ سے مربوط ابتدائی وطن یونٹ کا ماہانہ اجلاس اعظم کاکڑ کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ضلع سینئر معاون سیکریٹری ندا سنگر نے کی، جبکہ اسٹیج کی ذمہ داریاں علاقائی اطلاعات سیکریٹری اکرم (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کا ڈسٹرکٹ لائبریری کا دورہ

طلبہ نے لائبریری میں فراہم کی جانے والی سہولیات بارے معلومات حاصل کیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل نے آج ڈسٹرکٹ لائبریری کا دورہ کیا اور وہاں مطالعہ کے لیے آنے والے طلبہ سے ملاقات کر کے لائبریری میں فراہم کی جانے والی سہولیات اور درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں واضح رہے کہ گزشتہ دنوں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران لائبریری سے مستفید ہونے والے طلبہ نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو لائبریری میں بجلی کی عدم دستیابی پنکھوں کی کمی اور دیگر ضروری سہولیات کی عدم فراہمی سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا تھا ڈپٹی کمشنر نے طلبہ کے مسائل کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کی زیرِ صدارت اہم کھلی کچہری کا انعقاد

عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے گا، کھلی کچہری سے خطاب

شیرانی (خ ن) ضلع شیرانی کے ہیڈکوارٹر مانی خواں میں ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کی زیرِ صدارت اہم کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کو درپیش مسائل براہِ راست سننا، متعلقہ حکام تک پہنچانا اور ان کے حل کے لیے فوری و مؤثر اقدامات کو یقینی بنانا تھا۔ کھلی کچہری میں مانی خواں سمیت ضلع شیرانی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں، عمائدین اور عوامی نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ محکموں کے افسران کے سامنے پیش کیا اس موقع پر شہریوں کی جانب سے تعلیم، صحت، آبنوشی، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، بجلی، (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

عوام کھلی کچہری سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، رمضان پلال

ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنائے گی

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت گوٹھ غلام نبی خان جمالی خانپور میں کھلی کچہری منعقد کی گئی عوام نے اپنے مسائل سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہی فراہم کی واضح رہے کہ آج وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکریٹری بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں عوامی مسائل ان کی دہلیز پر سننے اور ان کے فوری و مؤثر حل کے لیے آج ڈپٹی کمشنر استاد محمد محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت گوٹھ غلام نبی خان جمالی خانپور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری، اسسٹنٹ کمشنر استاد محمد محمد (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

افتخار گیلانی کا انتخاب جمہوری عمل اور عوامی مینڈیٹ کا مظہر ہے، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان کی بریسٹرا افتخار گیلانی کو وزیراعظم آزاد کشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ افتخار گیلانی کا انتخاب جمہوری عمل اور عوامی مینڈیٹ کا مظہر ہے امید ہے افتخار گیلانی اپنی سیاسی بصیرت اور تجربے سے آزاد کشمیر کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کریں گے آزاد کشمیر کے عوام کی فلاح و بہبود اور خوشحالی اولین ترجیح ہونی چاہیے آزاد کشمیر میں عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے گی نوجوانوں (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

انتظامیہ عوام کی خدمت کے لیے موجود ہے' علی نواز جمالی

لورالائی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر صوبے کے دور دراز علاقوں میں عوامی مسائل سننے اور ان کے فوری حل کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن ریٹائرڈ حسیب شجاع کے احکامات کی روشنی میں ضلع لورالائی کی تحصیل میختر میں اسسٹنٹ کمشنر میختر اسرار خان مندوخیل کی سربراہی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

ہزارہ ٹاؤن میں بھائی نے بھائی کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) بروری تھانہ کے علاقے ہزارہ ٹاؤن میں بھائی نے بھائی کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز تھانہ بروری کے علاقے ہزارہ ٹاؤن کے رہائشی راحت علی نے گھریلو جھگڑے کے دوران خنجر سے وار کر کے اپنے بھائی حسن رضا کو زخمی کر دیا جس کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر رکھنی کا بازار کا اچانک دورہ

رکھنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی نے چارج سنبھالتے ہی رکھنی بازار کا اچانک دورہ کیا اور کھاد، بیج اور زرعی اسپرے فروخت کرنے والی دکانوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر نائب تحصیلدار رکھنی اللہ نواز، پٹواری وقار احمد اور دیگر متعلقہ اہلکار بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران حکومت کی جانب سے کھاد کی فروخت پر عائد پابندی اور دیگر (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

غلام حیدر مینگل انتقال کر گئے

کوئٹہ (این این آئی) غلام حیدر مینگل بقضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ وہ گولڈن برادرز آغا محمد مینگل، شاہ محمد شان مینگل، عبدالرازق مینگل اور حاجی غلام محمد مینگل کے بھائی تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے، اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی ان (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام بدامنی بارڈرز سڑکوں کی بندش کے خلاف دھرنا آج ہوگا

امن کیلئے اور بدامنی دہشت گردی بارڈرز و سڑکوں کی بندش مہنگائی کے خلاف نکلیں گے ہماری جدوجہد عوام کیلئے عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہے

عوام کے بنیادی حقوق، جان و مال کے تحفظ اور باعزت روزگار کے لیے موثر اقدامات کرنا حکومت اور ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے، مرتضیٰ کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام 29 اگست امن کیلئے بدامنی، بارڈرز و سڑکوں کی بندش کے خلاف دھرنا آج گورنر ہاؤس کے قریب ہوگا دھرنے کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہے دھرنے کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی صدارت میں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امیر صوبہ زاہد اختر بلوچ امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند و دیگر ذمہ داران شریک تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ آج ہم امن کیلئے اور بدامنی دہشت گردی بارڈرز و سڑکوں کی بندش مہنگائی کے خلاف نکلیں گے ہماری جدوجہد عوام کیلئے عوام کے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ